يا فتاح

رب يسر بسم الله الرحمن الرحيم وتمم بالخير

نقش فریادی ہی کسکی شوخی تحریر کا
کاغذی ہی پیرہن ہر پیکر تصویر کا

آتشین پا ہون گداز وحشت زندان نپوچھ
موی آتش دیدہ ہی ہر حلقہ یہان زنجیر کا

شوخی نیرنگ صید وحشت طاؤس ہی
دام سبزہ مین ہی پرواز چمن تسخیر کا

لذت ایجاد ناز افسون عرض ذوق قتل
نعل آتش مین ہی تیغ یار سی نخچیر کا

کاو کاو سخت جانیہای تنہائی نپوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہی جوی شیر کا

خشت پشت دست عجز و قالب آغوش وداع
پر ہوا ہی سیل سی پیمانہ کس تعمیر کا

جذبہ

جذبۂ بی اختیار شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سی باہر ہی دم شمشیر کا

آگہی دام شنیدن جسقدر چاہی بچھائی
مدعا عنقا ہی اپنی عالم تقریر کا

وحشت خواب عدم شور تماشا ہی اسد
جز مژہ جوہر نہین آئینۂ تعبیر کا

جنون گرم انتظار و نالہ بیتابی کمند آیا
سویدا تا بلب زنجیری دود سپند آیا

مہ اختر فشانی کی بہر استقبال آنکھون سی
تماشا کشور آئینہ مین آئینہ بند آیا

تغافل بدگمانی بلکہ میری سخت جانی سی
نگاہ بی حجاب ناز کو بیم گزند آیا

فضای خندۂ گل تنگ و ذوق عیش بی پروا
فراغتگاہ آغوش وداع دل پسند آیا

عدم ہی خیرخواہ جلوہ کو زندان بیتابی
خرام ناز برق خرمن سعی سپند آیا

جراحت تحفہ الماس ارمغان
داغ جگر ہدیہ
مبارکباد اسد غمخوار جان دردمند آیا

عالم جہان بعرض بساط وجود تھا
جون صبح چاک جیب مجھی تار و پود تھا

جز قیس اور کو نملا عرصہ تپش
صحرا مگر بہ تنگی چشم حسود تھا

آشفتگی نی نقش سویدا کیا عرض
ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا

عالم طلسم شہر خموشان ہی سربسر
یا مین غریب کشور گفت و شنود تھا

تھا خواب مین خیال کو تجھسی معاملہ
مژگان جو وا ہوئی نہ زیان تھا نہ سود تھا

بازی خور فریب ہی اہل نظر کا ذوق
ہنگامہ گرم حیرت بود و نبود تھا

تیشی بغیر مر نسکا کوہکن اسد
سرگشتہ خمار رسوم و قیود تھا

شمار سبحہ مرغوب بت مشکل پسند آیا
تماشای بیک کف بردن صد دل پسند آیا

بفیض بیدلی نومیدی جاوید آسان ہی
کشایش کو ہمارا عقدہ مشکل پسند آیا

ہوای سیر گل آئینہ بیمہری قاتل
کہ انداز بخون غلطیدن بسمل پسند آیا

روانی ہای موج خون بسمل سی ٹپکتا ہی
که لطف بی تحاشا رفتن قاتل پسند آیا

ہوی جسکو بہار فرصت ہستی سی آگاہی
برنگ لالہ جام بادہ بر محمل پسند آیا

اسد ہر جا سخن نی طرح باغ تازہ ڈالی ہی
مجھی رنگ بہار ایجادی بیدل پسند آیا

تنگی رفیق رہ تھی عدم یا وجود تھا
میرا سفر بطالع چشم حسود تھا

تو یکجہان قماش ہوس جمع کر کہ مین
حیرت متاع عالم نقصان و سود تھا

گردش محیط ظلم رہا جسقدر فلک
مین پایمال غمزہ چشم کبود تھا

پوچھا تھا گرچہ یار نی احوال دل مگر
کسکو دماغ منت گفت و شنود تھا

لیتا ہون مکتب غم دلمین سبق ہنوز
لیکن یہی کہ رفت گیا اور بود تھا

ڈھانپا کفن نی داغ عیوب برہنگی
مین ورنہ ہر لباس مین ننگ وجود تھا

خور شبنم آشنا نہوا ورنہ مین اسد
سر تا قدم گذارش ذوق سجود تھا

خود آرا وحشت چشم پری سی شب وہ بدخو تھا | کہ موم آئینۂ تمثال کو تعویذ بازو تھا

تسخیر میں خواب آلودہ مژگان نشتر زنبور | خود آرائی سی آئینہ طلسم موم جادو تھا

نہیں ہی باز گشت سیل عیش از جانب دریا | ہمیشہ دیدۂ گریان کو آب رفتہ در جو تھا

غم مجنون عزا داران لیلی کا پرستش گر | خم رنگ سیہ پیمانۂ ہر چشم آہو تھا

رکھا غفلت نی دور افتادہ ذوق فنا ورنہ | اشارہ فہم کو ہر ناخن بریدہ ابرو تھا

رہا نظارہ وقت بی نقابی آب پرتو زن | سرشک آگین مژہ سی تار جان نشتر رو تھا

اسد خاک در میخانہ اب سر پر اڑاتا ہون
کئی وہ دن کہ پانی جام می سی تا بزانو تھا

کہتی ہو ندینگی ہم دل اگر پڑا پایا | دل کہان کہ گم کیجی ہمنی مدعا پایا

شور پند ناصح نی زخم پر نمک باندھا | آپ سی کوئی پوچھی تم نی کیا مزا پایا

ہی کہان تمنا کا دوسرا قدم یارب | ہمنی دشت امکان کو ایک نقش پا پایا

[illegible]

بیدماغ خجلت ہوں رشک امتحان تا کی
ایک بیکسی تجھکو عالم آشنا پایا

سادگی و پرکاری بیخودی و ہوشیاری
حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا

خاکبازی امید کارخانہ طفلی
یاس کو دو عالم سی لب بخندہ وا پایا

کیوں نہ وحشت غالب باج خواہ تسکین ہو
کشتہ تغافل کو خصم خونبہا پایا

دوست غمخواری میں میری سعی فرماوینگی کیا
زخم کی بھرنی تلک ناخن نہ بڑہ جاوینگی کیا

بی نیازی حد سی گذری بندہ پرور کب تلک
ہم کہینگی حال دل اور آپ فرماوینگی کیا

حضرت ناصح گر آوین دیدہ و دل فرش راہ
کوئی مجکو یہ تو سمجھادو کہ سمجھاوینگی کیا

آج واں تیغ و کفن باندہی ہوئی جاتا ہوں میں
عذر میری قتل کرنی میں وہ اب لاوینگی کیا

گر کیا ناصح نی ہمکو قید اچھا یون سہی
یہ جنون عشق کی انداز چھٹ جاوینگی کیا

قطعہ

خانہ زاد زلف ہیں زنجیر سی بھاگینگی کیون
ہیں گرفتار وفا زندان سی گھبراوینگی کیا

ہی اب اس معمورہ مین قحط غم الفت اسد
ہمنی یہ مانا کہ دلی مین رہی کہاوینگی کیا

عشق سی طبیعت نی زیست کا مزا پایا
درد کی دوا پائی درد بی دوا پایا

غنچہ پہر لگا کہلنی آج ہمنی اپنا دل
خون کیا ہوا دیکہا گم کیا ہوا پایا

فکر نالہ مین گویا حلقہ ہون ز سر تا پا
عضو عضو جون زنجیر یکدل صدا پایا

حال دل نہین معلوم لیکن اسقدر یعنی
ہمنی بارہا ڈہونڈہا تمنی بارہا پایا

شب نظارہ پرور تہا خواب مین خرام اسکا
صبح موجہ گل کو نقش بوریا پایا

جسقدر جگر خون ہو کوچہ دادن گل ہی
زخم تیغ قاتلکو طرفہ دلکشا پایا

ہی نگین کی پاداری نام صاحب خانہ
ہمسی تیری کوچی نی نقش مدعا پایا

دوستدار دشمن ہی اعتماد دل معلوم
آہ بی اثر دیکہی نالہ نارسا پایا

نی اسد جفا سایل نی ستم جنون مایل
تجکو جسقدر ڈہونڈہا الفت آزما پایا

افنکے

اف نگی کو سوز غم سی بیمحابا جل گیا — آتش خاموش کی مانند گویا جل گیا

دلمین ذوق وصل و یاد یار تک باقی نہین — آگ اس گہر مین لگی ایسی کہ جو تہا جل گیا

مین عدم سی بہی پری ہون ورنہ غافل بارہا — میری آہ آتشین سی بال عنقا جل گیا

شمعرویون کی سر انگشت حنائی دیکہ کر — غنچہ گل پرفشان پروانہ آسا جل گیا

دود میرا سنبلستان سی کری ہی ہمسری — بسکہ ذوق آتش گل سی سراپا جل گیا

دل نہین تجکو دکہاتا ورنہ داغون کی بہار — اس چراغان کا کرون کیا کارفرما جل گیا

خانمان عاشقان دکان آتشباز ہی — شعلہ رو جب ہوگئی گرم تماشا جل گیا

تا کجا افسوس گرمیہای صحبت ای خیال — دل بسوز آتش داغ تمنا جل گیا

عرض کیجی جوہر اندیشہ کی گرمی کہان — کچہ خیال آیا تہا وحشت کا کہ صحرا جل گیا

مین ہون اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل
دیکہ کر طرز تپاک اہل دنیا جل گیا

کارخانے سے جنوں کے بھی میں عریاں نکلا
میری قسمت کا نہ ایک آدھ گریباں نکلا

ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرۂ خاک
شوقِ دیدار بلا آئینہ ساماں نکلا

زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب
تیر بھی سینۂ بسمل سے پرافشاں نکلا

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں لیکن آخر
جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا

کس قدر خاک ہوا ہے دلِ مجنوں یارب
نقشِ ہر ذرہ سویدائے بیاباں نکلا

دل میں پھر گریے نے اک شور اٹھایا غالب
آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا سو طوفاں نکلا

---

دو دیدن کی کمیں چوں لذتِ شبہ ریز تیں پایا
بگرد سرمہ انداز نگاہ سرمگیں پایا

ادولی اک بیضہ رو نستی ہے چشمِ سفید آخر
حیا کو انتظارِ جلوہ ریزی کی کمیں پایا

تحیر نگاہ و ناز کشتہ جان بخشی خوباں
خضر کو چشمۂ آبِ بقا سے تر جبیں پایا

پریشانی سے مغز سر ہوا ہے پنبۂ بالش / خیال شوخیٔ خوباں کو راحت آفریں پایا

نفس حیرت پرست طرز ناگیرائی مژگاں / مگر یک دیدۂ واماں نگاہ و آستیں پایا

اسد کو پیچ تاب طبع و آہنگ مسکن ہے / حصار شعلۂ جوالہ میں غم لشکر زمیں پایا

---

شوق ہر رنگ رقیب سر و ساماں نکلا / قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

دل حسرت زدہ تھا مائدۂ لذت درد / کام یاروں کا بقدر لب و دنداں نکلا

شور رسوائی دل دیکھ کہ یک نالۂ شوق / لاکھ پردے میں چھپا پر وہی عریاں نکلا

شوخیٔ رنگ حنا خون وفا سے کب تک / آخر اے عہد شکن تو بھی پشیماں نکلا

جوہر ایجاد خط سبز ہے خود بینی حسن / جو نہ دیکھا تھا سو آئینہ میں پنہاں نکلا

تھی نوآموز فنا ہمت دشواری شوق / سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا

میں بھی معذور جنوں ہوں اسد اے خانہ خراب / پیشوا لینے مجھے گھر سے بیاباں نکلا